5

وہ باتیں جن سے متعلق آپ کو آگاہ ہونا چاہیئے

ملازمت میں قومی نسب کی بنیاد پر امتیازی سلوک

1 **نیو جرسی میں، ملازمت میں قومی نسب کی بنیاد پر امتیازی سلوک اور ہراسانی غیر قانونی ہیں۔** نیو جرسی کا امتیازی سلوک کے خلاف قانون (LAD) آپ کو ملازمت کے دوران قومی نسب کی بنیاد پر امتیازی سلوک سے بچاتا ہے اور ساتھی کارکنان، سپروائزرز، اور نگرانوں کی جانب سے قومی نسب پر مبنی ہراسانی سے محفوظ رکھتا ہے، یہاں تک کہ اگر آپ پناہ گزین، مہاجر یا غیر امریکی شہری بھی ہیں۔ اس میں آپ کی حقیقی یا فرضی قومیت، پیدائشی ملک، ثقافت یا زبان کی بنیاد پر غیر منصفانہ سلوک شامل ہے۔

2 **آپ کا آجر عموماً آپ کے قومی نسب کی بنیاد پر ملازمت سے متعلق فیصلے نہیں کر سکتا۔** آجران آپ کے قومی نسب کی بنیاد پر (بھرتی کرنے، نوکری سے نکالنے اور اجرت جیسے) ملازمت کے فیصلے نہیں کر سکتے۔ مثال کے طور پر، آپ کا آجر آپ کو اس وجہ سے ملازمت سے برطرف نہیں کر سکتا کہ آپ میکسیکو میں پیدا ہوئے تھے، یا آپ کے غیر امریکی شہری ہونے کی وجہ سے آپ کو کم اجرت نہیں دے سکتا۔ آجران وفاقی فارم I-9 کے عمل کے مطابق نئے بھرتی کیے گئے ملازمین کی ملازمت کے لیے اہلیت کی تصدیق کر سکتے ہیں۔

3 **آپ کا لہجہ آپ کی جائے کار پر کامیابی کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتا۔** اگر آپ ملازمت کے لیے مناسب طریقے سے انگریزی میں بات چیت کر سکتے ہیں، خواہ ملازمت کے لیے انگریزی میں بات چیت کرنا ضروری تقاضا بھی ہو تو آجران آپ کے لہجے کی وجہ سے آپ کو کوئی عہدہ دینے سے انکار نہیں کر سکتے۔ مثال کے طور پر، آپ کے آجر کے لیے یہ غیر قانونی ہے کہ وہ آپ کو محض اس وجہ سے ملازمت میں ترقی دینے سے انکار کرے کیونکہ آپ کا لہجہ ہیٹی کریول ہے اور آپ کا آجر یہ چاہتا ہے کہ آپ کا "لہجہ امریکی لہجے سے زیادہ مماثلت رکھتا ہو۔"

4 **دیگر افراد آپ کے قومی نسب کی بنا پر جائے کار پر آپ کو ہراسانی کا نشانہ نہیں بنا سکتے۔** جہاں کسی کسٹمر یا دیگر ملازمین کی جانب سے قومی نسب پر مبنی ہراسانی آپ کے اپنے کام کو انجام دینے کی صلاحیت میں مداخلت کا باعث ہو، اور اگر آپ کا آجر اس بارے میں جانتا ہو یا ان کو اس کے بارے میں معلوم ہونا چاہیئے تو انہیں ہراسانی کا ازالہ کرنا چاہیئے۔ ہراسانی میں آپ کے قومی نسب کے بارے میں تذلیل یا طعنہ زنی یا توہین آمیز جملوں کا استعمال شامل ہو سکتا ہے۔

5 **آجران امتیازی سلوک کے لیے غیر جانبدار پالیسیوں یا قواعد کا استعمال نہیں کر سکتے۔** جائے کار کی ایسی غیر جانبدارانہ پالیسیاں اور قواعد جو ایک قومی نسب کے حامل افراد پر دوسروں کی نسبت زیادہ سختی سے اثر انداز ہوتے ہوں، ممنوع ہیں ماسوائے یہ کہ حقیقی، جائز، غیر امتیازی مفاد کو پورا کرنے کے لیے ضروری ہوں۔ مثال کے طور پر، ملازم کے لیے اپنے کام کے فرائض کو مؤثر طریقے سے انجام دینے کے لیے انگریزی زبان کی مہارت کا تقاضا ضروری نہیں ہے تاہم یہ قومی نسب کے حامل ملازمین پر اثر انداز ہو سکتا ہے اور LAD کی خلاف ورزی کر سکتا ہے۔

کوئی بھی فرد آپ کی جانب سے LAD کی خلاف ورزیوں کی اطلاع دینے، امتیازی سلوک پر مبنی شکایت دائر کرنے، یا LAD کے تحت دیگر حقوق استعمال کرنے کے خلاف انتقامی کارروائی نہیں کر سکتا۔

مزید معلوم کرنے، یا شکایت دائر کرنے کے لیے، NJCivilRights.gov پر جائیں یا (1-833-653-2748) 1-833-NJDCR4U پر کال کریں۔ DCR کی جانب سے LAD لاگو کیا گیا ہے، جو امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر، نیو جرسی میں تمام افراد کو امتیازی سلوک سے محفوظ رکھتا ہے۔
مزید جاننے کے لیے، یہاں کلک کریں۔

مزید معلوم کرنے یا شکایت دائر کرنے کے لیے، **NJCivilRights.gov** پر جائیں یا **1.833.NJDCR4U** پر کال کریں

NJ دفتر برائے اٹارنی جنرل
NJCivilRights.gov

NJ DIVISION ON CIVIL RIGHTS
@CivilRightsNJ #CivilRightsNJ #StandUpAgainstHate